## متحدہ قومی موومنٹ نے 24 گھنٹوں پر مشتمل عوامی شکایتی سیل قائم کردیا

## رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے باقاعدہ فیتہ کاٹ کر افتتاح کیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیوایم نے عوام کے جائز مسائل کی فوری سماعت اوران کے ہر ممکنہ حل کیلئے اپنی خدمات کا دائرہ مزید وسیع کرتے ہوئے 24 گھنٹوں پر مشتمل عوامی شکایت سیل قائم کردیا ہے۔ ہفتے کے روز متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ووفاقی وزیراوورسیز پاکستانی ڈاکٹر فاروق ستار نے دیگرارکان رابطہ کمیٹی کے ہمراہ خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں فیتہ کاٹ کرعوامی شکایتی سیل کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ یہ مرکزی شکایتی سیل 24 گھنٹے کھلا رہیگا جبکہ ایم کیوایم کے سینیٹرز، وفاقی وصوبائی وزراء،صوبائی مشیران اورحق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی روزانہ شام 6 بجے سے رات 9 بجے تک بدستورعوامی شکایت کی سماعت اوران کے حل کیلئے موجود رہیں گے جبکہ عوام 24 گھنٹے میں سے کسی بھی وقت اعلان کردہ ٹیلیفون نمبرز 021-36329900،021-36313690اور E-mail: complaints@mqmpakistan.org جبکہ فیکس نمبر 021-36808387 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔اس سے قبل ڈاکٹر فاروق ستار نے میڈیا کو پریس بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ عوامی خدمات کے حوالے سے متحدہ قومی موومنٹ کا دائرہ پہلے بھی وسیع تھا تاہم عوام کے بڑھتے ہوئے مسائل کے پیش نظر اسے مزید وسیع تر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست عوامی نمائندے پہلے ہی اپنے اپنے حلقوں اوردفاتر میں تقریباً روزانہ مقررہ اوقات کار میں موجود رہتے ہیں ایسا کسی اورسیاسی جماعت میں نہیں ہوتا اوریہی وہ خصوصیت ہے جو متحدہ قومی موومنٹ کو دیگر سیاسی جماعتوں سے منفرد بناتی ہے ہم عوامی لوگ ہیں ایم کیوایم کا نمائندہ جب بھی منتخب ہوتا ہے تو وہ عوام کی خدمت کیلئے سر پہ کفن باندھ کر نکل پڑتا ہے اوراسے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا مشن سمجھ کر اپنی جان کی بھی پرواہ نہیں کرتا۔انہوں نے کہا کہ ہم اپنے اس 24 گھنٹے مرکزی شکایتی سیل کو مزید جدید تر بنائیں گے اوراس کیلئے یونیورسل ٹیلیفون حاصل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔اس افتتاحی تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس قائمخانی،ارکان رابطہ کمیٹی طارق میر،شعیب بخاری ایڈوکیٹ، نیک محمد، رضا ہارون، ڈاکٹر نصرت، کنور خالد یونس، کیف الوریٰ، ڈاکٹر صغیر احمد، سلیم تاجک اورسیف یار خان کے علاوہ حق پرست سینیٹرز، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،صوبائی وزراء وصوبائی، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین اورمختلف شعبہ جات کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفہ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے،عوام سے براہِ راست اور مسلسل رابطہ ایم کیوایم کی طرز سیاست کی بنیاد ہے اوریہی وجہ ہے کہ ملک بھر کے مظلوم ومحکوم اورمسائل زدہ عوام اپنے مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کے منتخب نمائندوں سے رابطہ کرتے ہیں۔اس سلسلے میں ضرورت مند اورمسائل کا شکار عوام کی بڑی تعداد متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال میں واقع پبلک سیکریٹریٹ میں حق پرست عوامی نمائندوں سے رابطہ کرتی ہے اور یہاں حق پرست نمائندوں کی جانب سے انسانی بساط کے مطابق عوام کی بلا امتیاز، رنگ ونسل، زبان اور مذہب عملی خدمت کی جاتی ہے۔آپ اس حقیقت سے بھی واقف ہیں کہ خورشید بیگم میموریل ہال کے پبلک سیکریٹریٹ میں روزانہ شام ساڑھے 6 بجے سے رات 9 بجے تک حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء،صوبائی مشیران، ارکان سینیٹ قومی اور صوبائی اسمبلی موجود ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ایک عوامی جماعت ہے اوراس کی جڑیں عوام میں موجود ہیں۔عوامی مسائل کا حل ایم کیوایم کی بنیادی ترجیحات میں شامل ہے۔ پاکستان کے فرسودہ جاگیردارانہ اوروڈیرانہ سیاسی کلچر میں عوام کے منتخب کردہ نمائندے نہ صرف الیکشن کے موقع پر اپنے حلقہ انتخاب میں دکھائی دیتے ہیں بلکہ ان منتخب نمائندوں تک ان لوگوں کی پہنچ ہی نہیں ہوتی جو ووٹ دیکر انہیں کامیاب بناتے ہیں۔تاہم اسی جاگیردارانہ سیاسی کلچر میں ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس کے منتخب نمائندے اپنے عوام سے براہ راست رابطہ میں رہتے ہیں اوران کے مسائل کے حل کیلئے اپنی بساط کے مطابق عملی جدوجہد بھی کرتے ہیں۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر مختلف نوعیت کے مسائل کے شکار عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں عوامی خدمت کے اس دائرے کو مزید وسیع کیا جارہا ہے اورآج اس ضمن میں ایم کیوایم کی جانب سے عوامی شکایت سیل کا باقاعدہ افتتاح کیا جارہا ہے جو کہ عوام کی سہولت کیلئے 24 گھنٹے کام کرے گا۔لہٰذا عوام اپنے مسائل کے حل کیلئے حق پرست عوامی نمائندوں سے ان کے شیڈول کے مطابق براہ راست ملاقات کرنے کے علاوہ 24 گھنٹے میں کسی بھی وقت اپنی شکایت درج کراسکتے ہیں ایم کیوایم کے نمائندے 24 گھنٹے میں کسی بھی وقت موصول ہونے والی عوامی شکایت کا فوری نوٹس لیکر ان کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔عوام وہ اپنے مسائل کے حل کیلئے 24 گھنٹے میں کسی وقت بھی فیکس،فون یا ای میل کے ذریعے ایم کیوایم کے عوامی شکایت سیل سے رابطہ کریں ایم کیوایم کے نمائندے ان کی خدمت کیلئے حاضر رہیں گے۔

## الطاف حسین ملک کے تمام مظلوم ومحکوم عوام کے ساتھ ساتھ کشمیریوں کے مؤقف کی نہ صرف حمایت کرتے ہیں

## بلکہ کشمیر کے عوام کی امنگوں کے مطابق کشمیر کے مسئلہ کو حل کرنے کے خواہاں ہے، سلیم بٹ

## الطاف حسین کشمیر کے مسئلہ کے حل کیلئے کلیدی کردار ادا کرسکتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ

## کشمیر کی عوام بھی الطاف حسین کو اپنا نجات دہندہ سمجھتے ہیں

## لندن میں کشمیر سینٹر کے ڈائریکٹر نذیر احمد شال سے آزاد کشمیر میں قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ کی ملاقات

لندن۔۔۔8اگست 2009ء

آزاد کشمیر میں قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ نے لندن میں کشمیر سینٹر کے ڈائریکٹر جناب نذیر احمد شال سے ملاقات کی۔ ملاقات میں شرم الشیخ میں پاکستان اور ہندوستان کے وزیراعظم کی ملاقات اور مذاکرات کی بحالی کو زبردست انداز میں سراہا۔ اس موقع پر سلیم بٹ نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے وزراعظم کی ملاقات دونوں ممالک میں ہم آہنگی، امن وامان، بھائی چارگی کی فضاء اور یہاں کے عوام کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں مددحاصل ہوگی جبکہ یہ ملاقات کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق آزاد کشمیر کے مسئلہ کے حل کیلئے بھی خوش آئند ثابت ہوگی۔ سلیم بٹ نے کہا کہ ایم کیوایم ملک میں کشمیری عوام سمیت تمام متوسط طبقہ کے عوام کے غصب شدہ حقوق کے حصول کیلئے بلاامتیاز، رنگ ونسل جدوجہد کررہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ قائدتحریر جناب الطاف حسین ملک کے تمام محکوم لوگوں کے ساتھ ساتھ کشمیریوں کے مؤقف کی نہ صرف حمایت کرتے ہیں بلکہ کشمیر کے عوام کی امنگوں کے مطابق کشمیر کے مسئلہ کو حل کرنے کے بھی خواہاں ہیں۔ اس موقع پر نذیر احمد شال نے کہا کہ الطاف حسین جس بہادری کے ساتھ غریب متوسط طبقہ کے حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کررہے ہیں، ملک میں ہم آہنگی، بھائی چارے اور امن کے پیغام کو پھیلانے کے ساتھ ساتھ کشمیری عوام کے حقوق اور کشمیر کے مسئلہ پر جس انداز میں آواز بلند کررہے ہیں وہ قابل ستائش ہیں۔ نذیر احمد شال نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں الطاف حسین کشمیر کے مسئلہ کے حل کیلئے کلیدی کردار ادا کرسکتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ کشمیری عوام بھی الطاف حسین کو اپنا نجات دہندہ سمجھتے ہیں۔

## پیپلز یوتھ آرگنائزیشن ٹوبہ ٹیک سنگھ کے سٹی صدر سمیت متعدد عہدیداران کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

## ملک سے فرسودہ نظام کے خاتمے تک ملک بھر کے غریب عوام کو وہ مقام نہیں مل سکتا جس کے وہ حق دار ہیں، ڈاکٹر علی حسین

## ایم کیوایم ملک پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کی عملی جدوجہد کررہی ہے، عہدیداران پیپلز یوتھ آرگنائزیشن

ٹوبہ ٹیک سنگھ۔۔۔8، اگست 2009ء

پیپلز یوتھ آرگنائزیشن ٹوبہ ٹیک سنگھ کے سٹی صدر سمیت متعدد عہدیداران نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ملک بھر کے 98 فیصد مظلوم عوام کے حقوق کی پرامن جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت ٹوبہ ٹیک سنگھ میں منعقدہ اجتماع میں کیا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسین، صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب سرحد بلوچستان کے اراکین عبدالمجید کارروانی، عابد زیدی اور انچارج ٹوبہ ٹیک سنگھ ایوب شاہد نے شرکت کی۔ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والوں میں پیپلز یوتھ آرگنائزیشن ٹوبہ ٹیک سنگھ کے سٹی صدر زاہد نور، سینئر نائب صدر پیپلز یوتھ ونگ بشارت، خواتین یوتھ ونگ ٹوبہ ٹیک سنگھ کی سٹی صدر محترمہ صائمہ فضل، سینئر نائب صدر محترمہ خالدہ یاسمین، جنرل سیکریٹری محترمہ شمیم اختر، سیکریٹری اطلاعات محترمہ اقصیٰ نذیر اور نائب صدر سٹی محترمہ پروین شامل ہیں۔ اس موقع پر اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد سیاسی جماعت ہے جس کو ہم پرکھ چکے ہیں اور یہی جماعت ملک پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کی عملی جدوجہد کررہی ہے اور اس نظام کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے ایم کیوایم نے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ حق پرستی کی تحریک کے فکروفلسفہ اور نظریئے کے فروغ کیلئے گھر گھر اور محلے محلے جاکر کام کریں گے اور لوگوں میں شعور بیدار کریں گے۔ قبل ازیں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسین نے کہا کہ جب تک ملک پر جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام مسلط ہے ملک بھر کے غریب عوام کو معاشرے میں وہ مقام نہیں مل سکتا جس کے وہ حق دار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین واحد رہنما ہے جنہوں نے ملک کے ایوانوں میں غریب و متوسط طبقے کی قیادت کو متعارف کراکر جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام میں دراڑ ڈال دی ہے اور انشاءاللہ وہ وقت دور نہیں جب ملک پر غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی ہوگی۔ انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرنے پر پیپلز پارٹی یوتھ آرگنائزیشن کے عہدیداران کا زبردست خیرمقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔

## ضلعی عہدیداران سے الطاف حسین کا خطاب پنجاب میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا، افتخار اکبر رندھاوا

## انشاء اللہ وہ دن جلد آئیگا جب قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ملک کے اٹھانویں فیصد غریب متوسط طبقہ کے عوام خصوصاً نوجوان ملک کی تقدیر بدلیں گے اور غریبوں کی حکمرانی ہوگی

لندن۔۔8اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ پنجاب کے 37اضلاع کے عہدیداران کے اجلاس سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا خطاب پنجاب میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب سمیت پاکستان کے عوام کے نوجوانوں میں اتحاد اور یکجہتی وقت کی اہم ضرورت ہے جس طرح ایم کیوایم کا فکر وفلسفہ پنجاب میں تیزی سے مقبولیت حاصل کررہا ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ پنجاب کے عوام ملک میں برسوں سے جاری فرسودہ استحصالی، ظالمانہ اور جاگیردارانہ نظام کے سخت خلاف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ کھٹن اور مشکل حالات کا سامنا کیا ہے اور قربانیوں کی لازوال داستان رقم کی ہے، ملک کی ترقی، جغرافیائی استحکام اور عوامی فلاح و بہبود کیلئے اگر آئیندہ بھی قربانیوں کی ضرورت پڑی تو پنجاب سے بھی ایم کیوایم کے کارکنان کسی سے پیچھے نہیں ہوں گے۔ افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ منفی پروپیگنڈ کے ذریعے ایم کیوایم کے چاہنے والوں کو ایم کیوایم سے دور نہیں کیا جاسکتا اور انشاء اللہ وہ دن جلد آئیگا جب قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ملک کے اٹھانویں فیصد غریب متوسط طبقہ کے عوام خصوصاً نوجوان ملک کی تقدیر بدلیں گے اور غریبوں کی حکمرانی قائم کریں گے۔

☆☆☆☆☆

## ایم کیوایم پنجاب کے ضلعی عہدیداران کا اجلاس کل لاہور میں ہوگا

## الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے

## یہ اجلاس صوبائی ورکرز کنونشن کی تیاریوں کے سلسلے میں منعقد کیا جارہا ہے

پنجاب۔۔۔8،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کے تحت صوبائی ورکرز کنونشن کی تیاریوں کے سلسلے میں کل بروز اتوار مورخہ 9، اگست 2009 کو لاہور میں ضلعی عہدیداروں کا اجلاس منعقد ہوگا۔ اجلاس میں پنجاب بھر سے تعلق رکھنے والے ضلعی عہدیداران شرکت کریں گے۔ اجلاس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ ایم کیوایم پنجاب کے صوبائی ورکرز کنونشن میں ایم کیوایم کی صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی اور ضلعی آرگنائزنگ کمیٹیوں کی تنظیم نو کا اعلان کیا جائے گا اور اس سے قبل لاہور میں ضلعی عہدیداران کے اجلاس میں تنظیم نو کے سلسلے میں ذمہ داران کی رائے لی جائے گی۔ لاہور میں ضلعی عہدیداران کے اجلاس میں شرکت کیلئے کراچی سے رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست ارکان قومی اسمبلی لاہور روانہ ہوگئے ہیں۔

## ایم کیوایم کے کارکن وکیل احمد عارفانی ٹریفک حادثے کے شکار افراد کی مدد کرتے ہوئے تیز رفتار ٹرک کی ٹکر سے جاں بحق ہوگئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔8،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ بن قاسم سیکٹر یونٹ شاہ لطیف ٹاؤن کے کارکن وکیل احمد عارفانی ٹھٹھہ کے راستے میں ایکسیڈنٹ شدہ سوزوکی اور مزدا میں پھنسے ہوئے افراد کو نکالنے کی کوشش کے دوران مخالف سمت سے آنے والے تیز رفتار ٹرک کی ٹکر سے جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق وکیل احمد عارفانی ٹھٹھہ درگاہ میں شرکت کرکے واپس آرہے تھے کہ راستے میں گجو کے مقام پر ایک سوزوکی اور مزدا میں ایکسیڈنٹ دیکھ کر رک گئے اور وہ متاثرہ افراد کی مدد کررہے تھے کہ مخالف سمت سے آنے والے ایک تیز رفتار ٹرک نے انہیں ٹکر ماری جس کے باعث وہ موقع پر جاں بحق ہوگئے۔ وکیل احمد عارفانی مرحوم کی عمر 35 سال تھی اور ان کے سوگوران میں دو بیوائیں شامل ہیں۔ وکیل احمد عارفانی مرحوم کو یوسف عارفانی گوٹھ کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی وسیم احمد، ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین، سیکٹر و یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدروں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے وکیل احمد عارفانی کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے (آمین)

## ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر کے کارکن وکیل احمد عارفانی کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔8،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹریفک حادثے میں ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر یونٹ شاہ لطیف ٹاؤن کے کارکن وکیل احمد عارفانی کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم اور دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے ساتھ ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## حق پرست عوام،سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی رانا صفدر کی صحت یابی کیلئے دعا کریں،الطاف حسین

لندن۔۔۔8،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی رانا صفدر کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ رانا صفدر کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں۔

☆☆☆☆☆

## سینیٹ کے سابق ڈپٹی چیئر مین عبدالمالک بلوچ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔8،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سینٹ کے سابق ڈپٹی چیئر مین عبدالمالک بلوچ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں غم اور دکھ کی اس گھڑی میں آپ کے ساتھ برابر کا شریک ہوں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم ملک سے فرسودہ نظام کی تبدیلی کیلئے پرامن جدوجہد کررہی ہے،کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی

کراچی۔۔۔8،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک کی سیاست میں اقتدار کے حصول کیلئے نہیں بلکہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کی تبدیلی کے لئے پرامن جدوجہد کررہی ہے۔یہ بات ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارجز یوسف منیر شیخ،عارف حیدر،اراکین ندیم سومرو،سید معین الدین اور یار محمد کھوسو نے ابراہیم حیدری ،کیماڑی اور آگرہ تاج سیکٹرز کے علیحدہ علیحدہ اجلاسوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی جن میں مختلف قومیتوں اور برادریوں کے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ملک پر مسلط 2 فیصد استحصالی طبقہ نے غریب عوام کے حقوق غصب کررکھے ہیں اور اپنے حقوق کیلئے عوام کو متحد ہونا ہوگا ۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین 2 فیصد استحصالی طبقے کے چنگل سے ملک بھر کے 98 فیصد مظلوم عوام کو نکالنے کی جدوجہد کررہے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ملک بھر کی مختلف قومیتوں، برادریوں اور مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد جناب الطاف حسین کی حق پرستانہ جدوجہد کا حصہ بن چکے ہیں۔کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی نے کارکنان کو تلقین کی کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

## ایم کیوایم ملیراورلائینزایریاسیکٹرزکےکارکنان سےرابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی۔۔۔8،اگست2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیرسیکٹر یونٹ 198 کے کارکن سید محمد عمران کی والدہ محترمہ صغراں اورایم کیوایم لائینز ایریا سیکٹر یونٹ 53 کے کارکن محمد آصف کی والدہ محترمہ فرزانہ شاہد کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## سابق سیکریٹری خارجہ نیازاےنائیک کی پراسرار ہلاکت پررابطہ کمیٹی کااظہارافسوس

لندن۔۔۔8،اگست2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سابق سیکریٹری خارجہ نیازاے نائیک کی پراسرار ہلاکت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے نیازاے نائیک کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆